**18.03.2025**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

.................................................................

☆ پولینڈ کے نائب وزیر خارجہ نے یوکرین جنگ میں روس کی طرف سے نیوکلیائی ہتھیار کے استعمال کو روکنے میں وزیر اعظم نریندر مودی کی کوششوں کی ستائش کی ہے۔
☆ روس کے صدر ولادیمیر پتن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان یوکرین تنازع ختم کرنے پر اہم بات چیت جاری ہے۔
☆ انتخابی کمیشن نے ووٹر آئی ڈی کارڈ کو آدھار سے جوڑنے کیلئے جلد ہی تکنیکی صلاح ومشورے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
☆ بھارت کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ذریعے سرحد پار دہشت گردی کی سرگرم حمایت، جموں وکشمیر میں امن اور سکیورٹی کیلئے سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔
☆ غزہ میں اسرائیل کے ہوائی حملوں میں 400سے زیادہ لوگ مارے گئے ہیں۔
☆ شیئر بازار میں آج تقریباً ڈیڑھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ Sensex ایک ہزار 131پوائنٹ جبکہ نفٹی 22 ہزار 800 تک پہنچ گئے۔
☆ اور کبڈی عالمی کپ میں،انگلینڈمیں بھارتی خواتین ٹیم نے اپنے افتتاحی میچ میںWales کو شکست دی ہے۔

.................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Poland PM Modi**

پولینڈ کے نائب وزیر خارجہ اور سکریٹری آف اسٹیٹ Wladyslaw Teofil Bartoszewski نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی نے روس کے صدر ولادیمیر پتن کو اِس بات پر آمادہ کرنے میں اہم رول ادا کیا ہے کہ وہ جاری روس–یوکرین تنازع میں اہم نیوکلیائی ہتھیار استعمال نہ کریں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب Bartoszewski نے وزیر اعظم مودی کی کوششوں کا اعتراف کیا اور عالمی امن کی کوششوں میں ایک اہم ثالث کے طور بھارت کے رول کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے صدر پتن کو آمادہ کیا کہ وہ نیوکلیائی ہتھیار استعمال نہ کریں۔

S/B 1805 Wladyslaw Teofil Bartoszewski

جناب Bartoszewski نے مزید کہا کہ بھارت کی جی–ٹوینٹی کی صدارت کے دوران، روس–یوکرین تنازع نے حتمی اعلامیہ پر اتفاق رائے نہ ہونے کا خطرہ پیدا کردیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ 300باہمی میٹنگوں پر مشتمل کلیدی بات چیت، 200 گھنٹے طویل بحث ومباحثے اور 15دستاویز کے ذریعے بھارت نے ممبر ملکوں کو ایک اتفاق رائے پیدا کرنے پر کامیاب قیادت فراہم کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنے سفارتی طاقت کو مزید مستحکم کیا۔x

## LS PM Mahakumbh

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج زور دے کر کہا ہے کہ پریاگ راج مہاکنبھ ایک اہم سنگ میل ہے جس سے ایک درخشاں بھارت کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔ مہاکنبھ کے بارے میں آج لوک سبھا میں بیان دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ لوگوں نے اپنے بھرپور لگن اور جذبے کے ساتھ مہاکنبھ کی قیادت کی۔ انھوں نے کہا کہ عقیدے اور وراثت کے ساتھ جڑنے کا جذبہ آج کے بھارت کا سب سے اہم اثاثہ ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ایسے وقت میں جب پوری دنیا دشوار دور سے گزر رہی ہے، اِس اتحاد کی شاندار عکاسی ملک کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ ماریشس کے اپنے حالیہ دورے کا ذکر کرتے ہوئے، جہاں وہ اپنے ساتھ مہاکنبھ کے دوران تری وینی پریاگ راج سے حاصل کئے گئے مقدس پانی لے گئے تھے، وزیر اعظم نے اُس وقت زبردست عقیدت کے ماحول کا ذکر کیا جب یہ پانی ماریشس کے گنگا Talao میں نچھاور کیا گیا۔

S/B Modi

پچھلے سال ایودھیاکے رام مندر میں بھگوان رام کی پران پرتشٹھا کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس سے اِس بات کی عکاسی ہوئی تھی کہ ملک کس طرح آنے والے ہزار برسوں کے لیے خود کو تیار کررہا ہے اور اِس نظریئے کو مہاکنبھ سے مزید تقویت ملی ہے۔x

## PM RS MP

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں راجیہ سبھا ممبر پارلیمنٹ Ilaiyaraaja سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ایک بہترین موسیقار کے طور پر جناب Ilaiyaraaja کی ستائش کی۔ انھوں نے Ilaiyaraaja کی اب تک کی پہلی ویسٹرن کلاسیکل سیمفونی، Valiant کی تعریف کی، جسے حال ہی میں لندن میں روئل Philharmonic Orchestra کے ساتھ پیش کیا گیا تھا۔x

## PM German Singer

وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی سطح پر بھارتی ثقافت کو فروغ دینے پر جرمن گلوکار CassMae کی تعریف کی۔سوشل میڈیا پوسٹ میں آج جناب مودی نے کہا کہ Cass Mae اور دیگر کی کوششوں کے ذریعے بھارتی ثقافت کی گونا گونیت، گہرائی اور کثرت کے مظاہرے میں مدد ملی ہے۔ x

## PM Sunita Williams

وزیر اعظم نریندر مودی نے ناسا خلاباز سنیتا ولیمز کی محفوظ واپسی کیلئے نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ساتھی خلاباز Butch Wilmore کے ساتھ ولیمز، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر تقریباً 9مہینے تک پھنسے رہنے کے بعد کل زمین پر واپس آرہی ہیں۔ ابتدائی طور پر یہ ایک ہفتہ بھر طویل مشن تھا۔ اپنے خط میں وزیراعظم مودی نے محترمہ ولیمز کو دعوت دی ہے کہ وہ خلا سے واپسی کے بعد بھارت کا دورہ کریں۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر جناب مودی کا یہ خط شیئر کیا ہے۔ جناب مودی نے اپنے خط میں سنیتا ولیمز کے ساتھ بھارت کے گہرے روابط کا اعادہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک ارب چالیس کروڑ بھارتیوں نے اُن کی کامیابیوں پر ہمیشہ ہی فخر کا اظہار کیا ہے۔x

## RS Demand of Grants

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ سرکار منی پور میں امن کی بحالی کیلئے عہد بند ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہر کوئی چاہتا ہے کہ منی پور دوسری ریاستوں کی طرح ترقی کرے اور خوشحال بنے۔ محترمہ سیتا رمن آج راجیہ سبھا میں منی پور بجٹ سے متعلق بلوں پر بحث کا جواب دے رہی تھیں۔

S/B 2100 Nirmala Sitharaman Manipur

وزیر موصوف نے ریاست میں سابقہ کانگریس سرکار پر یہ کہتے ہوئے سوال اٹھایا کہ منی پور میں 2002سے 2017کے دوران اُس کے دورِ اقتدار میں بند کے 628واقعات اور ناکہ بندی کے کئی واقعات پیش آئے۔x

## RS Health Discussion

راجیہ سبھا میں آج صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے کام کاج پر مباحثہ ہوا۔اس دوران DMK کے ترِوچی سِوا نے کہا کہ بجٹ میں صحت کے شعبے کیلئے مختص رقم میں کٹوتی کی گئی ہے۔ انھوں نے حکومت سے صحت بیمہ پر لگنے والے GST میں کمی کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔اس کے جواب میں BJP کے ڈاکٹر بھاگوت کراڑ نے کہا کہ ملک میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے بہت کام کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر کراڑ نے مزید کہا کہ سال 1951میں بھارتیوں کی اوسط عمر 37سال تھی جو اب بڑھ کر 70سال ہوگئی ہے۔

S/B: Bhagwat Karad

بحث جاری ہے۔ x

## Delhi MLAs Orientation

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج دلّی قانون ساز اسمبلی کے نئے منتخب ممبران کیلئے دو روزہ تعارفی پروگرام کا افتتاح کیا۔ ممبران اسمبلی سے اپنے خطاب میں جناب برلا نے زور دیا کہ موثر عوامی نمائندہ بننے کیلئے ممبران کو آئینی شقوں کا وسیع علم ہونا چاہیئے۔

S/B 2100 OM Birla MLAs Orientation

ممبران اسمبلی کے کام کاج کے طور طریقوں اور ذمہ داریوں کو اجاگر کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ نئی سرکار سے عوام کی بڑی امیدیں ہیں، اِسی لئے ایوان میں تعطل سے گریز کیا جانا چاہیئے۔x

## Russia US Talks

یوکرین تنازعہ کو ختم کرنے کیلئے روس کے صدر ولادیمیر پُتن اور امریکہ کے اُن کے ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان اہم بات چیت جاری ہے۔ وہائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ روس اور امریکہ کے صدور کے درمیان ٹیلیفون پر بات چیت شروع ہوگئی ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ، جنگ ختم کرنے کی ممکنہ راہ تلاش کرنے کیلئے روس کے لیڈر کو یوکرین کے ساتھ 30روزہ جنگ بندی کی تجویز پر دستخط کیلئے رضا مند کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ ٹیلیفون پر بات چیت سے قبل صدر ٹرمپ نے کہا کہ اُنہیں صدر پُتن کے ساتھ بات چیت کی امید ہے۔ تین سالہ تنازعہ کے دوران قبضہ کی گئی زمین اور بجلی کے پلانٹس جیسے امور پر بات چیت کا امکان ہے۔ وہائٹ ہاؤس نے پیشگی امید ظاہر کی ہے کہ امن کا عمل بہت جلد مکمل ہونے والا ہے۔ ٹیلیفون پر ہونے والی آج کی یہ بات چیت، پچھلے ہفتے سعودی عرب میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی قیادت میں ہوئے مذاکرات کے دوران امریکی تجویز پر یوکرین کے حکام کے رضامند ہونے کے بعد ہو رہی ہے۔ x

## CEC Meet Toter ID Aadhar

انتخابی کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ آئین کی دفعہ 326 کے ضابطوں، 1950 کے عوامی نمائندگی قانون کی مختلف شقوں اور سپریم کورٹ کے فیصلوں کی رو کے تحت ووٹر ID کو آدھار کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ آج نئی دلّی میں اعلیٰ چناؤ کمشنر گیانیش کمار کی زیر قیادت ایک میٹنگ کے دوران لیا گیا، جس میں وزارت داخلہ، محکمۂ قانون ساز اور UIDAI کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر بھی شامل تھے۔الیکشن کمیشن نے بتایا کہ منفرد شناخت سے متعلق بھارتی اتھارٹی UIDAI اور کمیشن کے تکنیکی ماہرین کے درمیان تکنیکی مشاورت جلد ہی شروع ہوگی۔ الیکشن کمیشن نے طویل عرصے سے زیر التوا انتخابی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے سرگرم اقدامات کی ایک سیریز شروع کی ہے۔

کلیدی اقدامات میں آئندہ تین ماہ کے اندر فرضی ووٹر ID معاملات کو حل کرنے سمیت چناؤ سے متعلق امور مثلاً بوتھ سطح، پولنگ، ووٹوں کی گنتی اور انتخابی ایجنٹس کی اُن کی اہم ذمہ داریوں کے تئیں تربیت فراہم کرنا شامل ہے۔ x

## MEA Pakistan

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ سرحد پار سے دہشت گردی کی پاکستان کی سرگرم حمایت، جموں وکشمیر میں امن اور سکیورٹی کیلئے سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ پاکستان کی طرف سے کیے جانے والے تبصرے پر میڈیا کے سوالوں کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ جھوٹ پھیلانے کے بجائے پاکستان کو

بھارت کی وہ زمین خالی کردینی چاہئے جس پر انھوں نے غیرقانونی اور زبردستی قبضہ کیا ہوا ہے۔x

## Israel Airstrikes

غزہ پر رات بھر ہوئے اسرائیلی فضائی حملوں میں مرنے والوں کی تعداد 400 سے پار کر گئی ہے۔ فلسطینی صحت حکام نے کہا ہے کہ اِن حملوں میں 500 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں، جس سے دو مہینہ طویل جنگ بندی کے ختم ہونے پر خطرہ منڈلانے لگا ہے۔ 19 جنوری کو اسرائیل اور حماس کے درمیان ہوئے جنگ بندی کے بعد سے یہ اب تک کا سب سے بڑا حملہ ہے۔وزیر اعظم بنجامین نیتن یاہو کے دفتر نے حماس پر الزام لگایا ہے کہ وہ یرغمالیوں کو رہا کرنے سے بار بار منع کر رہا ہے اور جنگ بندی کی توسیع کے تجاویز کو مسترد کر رہا ہے۔ 7اکتوبر 2023 کو ہوئے حماس کے حملے میں فلسطینی گروپ نے ڈھائی سو اسرائیلیوں کو یرغمال بنایا تھا جن میں سے 59 اب بھی اُس کے قبضے میں ہیں۔x

## Business Capsule

بھارتی گھریلو اشاریے آج مثبت رجحان کے ساتھ بند ہوئے اور سینسیکس اور نفٹی میں اضافہ درج کیا گیا۔ سینسیکس، ایک ہزار 131 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 75 ہزار تک پہنچ گیا۔ وہیں نفٹی بھی 22 ہزار 800 سے زیادہ پر بند ہوا۔ سینسیکس میں یہ ایک اعشاریہ پانچ تین فیصد کا اضافہ ہے، جس کے بعد وہ 75 ہزار 301 تک جا پہنچا۔ وہیں نفٹی میں 325 پوائنٹس یا ایک اعشاریہ چار–پانچ فیصد کی بڑھوتری ہوئی اور یہ 22 ہزار 834 تک جا پہنچا۔دن کے کاروبار میں سینسیکس، دن کی اپنے سب سے بلند ترین سطح 75 ہزار 386 تک چلا گیا، وہیں نفٹی بھی 22 ہزار 599 سے 22 ہزار 845 کے درمیان رہا۔ x

## LS AI MoU

لوک سبھا اور انڈیا AI مشن نے آج نئی دلّی میں لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کی موجودگی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ اعداد وشمار کا ایک سیٹ AI کوش قائم کیا جائے گا جس سے لوک سبھا میں مباحثے کی کسی بھی زبان میں ترجمہ ممکن ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ یہ تحقیق کاروں، ممبران پارلیمنٹ اور تعلیم سے منسلک لوگوں کو تحقیق کیلئے کسی بھی زبان میں پارلیمنٹ کے مباحثے کی تفصیل تک رسائی فراہم کرے گا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس سمجھوتے کا مقصد AI پر مبنی ایک جامع لسانیاتی ذخیرہ پیدا کرنے میں ایک AI ٹیکنالوجی کا استعمال کرنا ہے۔

S/B Ashwini Vaishnaw

## Vaishnaw Raisina Dialogue

الیکٹرانکس اور IT کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج زور دیا ہے کہ بھارت نے AI کی ترقی کیلئے عوامی

اعداد وشمار تک رسائی اہم ہوگی۔ نئی دلّی میں رائے سینا مذاکرات 2025 میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ اعداد وشمار کا ایک اہم حصہ، جسے AI کوش نام دیا گیا ہے، کئی دوسرے کثیر لسانیاتی اعداد وشمار کے وسائل کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ GPUs کو مشترکہ کمپیوٹ سہولت کے طور پر تیار کیا جارہا ہے۔

S/B 2100 Vaishnaw Raisina GPU-AI Kosh

## Bihar ED Lalu

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے آج بہار کی سابق وزیر اعلیٰ رابری دیوی اور اُن کے بیٹے تیج پرتاپ یادو سے پٹنہ کے علاقائی آفس میں زمین کے بدلے روزگار دینے کے معاملے میں پوچھ تاچھ کی ہے۔ تحقیقاتی افسران نے اِن دونوں سے علاحدہ علاحدہ تین گھنٹے سے زیادہ پوچھ تاچھ کی ہے۔

## Kabaddi Wolrd Cup

کبڈی عالمی کپ 2025 میں خواتین کی بھارتی ٹیم نے جیت کے ساتھ اپنی مہم کی شروعات کی۔ بھارتی ٹیم نے گروپ۔D کے افتتاحی میچ میں Wales کو 89-18 سے شکست دی۔ یہ میچ آج شام انگلینڈ کے Wolverhampton میں کھیلا گیا۔ خواتین کے ایک دیگر مقابلے میں گروپ۔E میں انگلینڈ نے ہنگری کو 85-15 سے ہرا دیا۔ وہیں مردوں کے زمرے میں گروپ۔ B میں آج رات اسی مقام پر بھارت کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ سے ہوگا۔ اِس سے پہلے گروپ۔B کے ایک اور میچ میں Wales نے اٹلی کو 71-32 سے ہرا دیا۔ اس سے قبل مردوں کی بھارتی ٹیم نے کل اٹلی کو 64-22 سے شکست دیتے ہوئے اپنی مہم کا مثبت آغاز کیا۔ ٹورنامنٹ کے شروعاتی مقابلے میں میزبان انگلینڈ نے ہنگری کو 101-25 سے ہرا دیا۔ بھارت کے مردوں اور خواتین دونوں ٹیمیں ٹورنامنٹ میں دفاعی چیمپئن کے طور پر کھیل رہی ہیں۔

مردوں کے زمرے میں دو زمروں A اور B میں تقسیم کیا گیا ہے۔ بھارت کو گروپ B میں اٹلی، اسکاٹ لینڈ، ویلز اور ہانک کانگ کے ساتھ رکھا گیا ہے، جبکہ گروپ A میں انگلینڈ، ہنگری، پولینڈ، جرمنی اور امریکہ شامل ہیں۔ وہیں خواتین کے زمرے میں 6 ٹیمیں ہیں، جنہیں گروپ D اور گروپ E میں تقسیم کیا گیا ہے۔ خواتین کی بھارتی ٹیم گروپ D میں ہے اور Wales اور پولینڈ کے خلاف کھیل رہی ہے، جبکہ گروپ E میں ہانک کانگ، ہنگری اور انگلینڈ کی خواتین ٹیمیں شامل ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆